05/06/2026

07.40 / PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگرہے ۔ خبرنامہ لےکر مینشیخ محمد یا سین

پہلے اہم خبروں کی سرخیاں ۔

ہیڈ لائینز

*.......لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے نار کو ٹیرر ازم کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی اختیار کئے جانے کا دُہرایا عزم۔

*........ منشیات فروشوں کے خلاف پولیس کی کارروائیاں جا ری// ڈرگ سمگلروں کی6کروڑ روپے سے زائد مالیت کی جائیدادیں ضبط

*.......ماحولیات کو تحفظ دینے کا عالمی دن آج / وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے حیاتیاتی تنوع کو تقویت بخشنے کیلئے اختراعی اقدامات پر دیا زور ۔

اور

*.......جموں میں
محکمہ

---

موسمیات کے علاقائی مرکز کا قیام// مرکزی وزیر ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے کیا افتتاح۔ ۂ

ایل جی گاندربل

لیفٹنٹ گور نر منوج سنہا نے کہا ہے کہ نا ر کو ٹیرر ازم کے خلاف 55روز پہلے جموں سے شروع کیا گیا ابھیان اب ایک تاریخی تحریک میں تبدیل ہو گیا ہے۔

گاندربل سے ہمارے نمائندے صابر ایوب نے خبر دی ہے کہ گاندربل میں آج منشیات مخالف ایک پد یاترا کو جھنڈی دکھا کر روانہ کرنے سے پہلے خطاب کرتے ہوئے ایل جی نے کہا کہ پچھلے 55دنوں کے دوران 1ہزار36ایف آئی آر درج کئے گئے ،1ہزار128ڈرگ سمگلر گرفتار کئے گئے نیز سمگلروں کی سو جائیدادوں کو اٹیچ کیا گیا ۔ علاوہ ازیں سات سو ڈرائیونگ لائسنس رد کئے گئے نیز 130ڈرگ سمگلروں کے پاسپورٹ منسوخ کئے گئے ۔

...........LG.......

نشہ مہم

ایل جی منوج سنہا نے 11اپریل کو نشہ مکت جموں کشمیر ابھیان کی شروعات جموں سے کی تھی اور انہوں نے تمام اضلاع میں منشیات مخالف پد یاتراؤں اور بیداری پروگراموں کی قیادت کی ۔

ابھیان کی شروعات کے ساتھ ہی لیفٹنٹ گورنر نے منشیات کے نیٹ ورک کو ختم کرنے اور اس دھندے میں ملوث لوگوں کے خلاف قرار واقعی سزا دلانے کے عزم کو دُہرایا۔

سماجی سطح پر منشیات کا قلع قمع کرنے کیلئے لازمی اقدامات کے تعلق سے ایک اُستاد سید اعجاز احمد نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔

...........Syed Aijaz...........

کشمیر پولیس

منشیات کے کاروبار کے خلاف اپنی کارروائی جاری رکھتے ہوئے پولیس نے سرینگر کے سِکھ باغ لالبازار میں عادل احمد دھوبی، باکہ بازار میں ارشد احمد شیخ ا ور ٹنگہ باغ خانیار میں اویس احمد میر نامی ڈرگ سمگلروں کی جائیدادیں اٹیچ کی ہیں ، جن کی مجموعی مالیت4کروڑ روپے بتائی گئی ہے۔

گاندربل پولیس نے کر فلی محلہ سرینگر کے رہنے والے پرویز احمدہنگا اور اُس کی اہلیہ کے نام پر درج زینہ کوٹ سرینگر میں واقع 2کروڑ13لاکھ روپے کی جائیداد ضبط کی ہے۔ مذکورہ اشخاص منشیات کے کاروبار میں ملوث پائے گئے ہیں۔

اننت ناگ میں بھی محمد اشرف ڈار نامی ڈرگ سمگلر کی جائیداد اٹیچ کی گئی۔ ضلعے میں 4ڈرگ سمگلر گرفتار کئے گئے۔

اونتی پورہ میں محمد یونس قریشی نامی منشیات فروش کی ایک دُکان مسمار کی گئی۔

جموں پولیس

جموں صوبے میں بھی پولیس کی منشیات مخالف کارروائیاں جا ری ہیں۔

سانبہ ضلعے میں کپواڑہ رہنے والے بابر احمد پایر اور  محمد عابد نامی2ڈرگ سمگلروں کی گرفتاری عمل میں لائی گئی۔ ضلعے میں بشناہ جموں کی رہنے والی شیما بی بی نامی بدنامِ زمانہ منشیات فروش کو حراست میں لیا گیا۔

ریاسی میں راکیش کمار نامی منشیات فروش کو گرفتار کیا گیا۔

ایل جی تولہ مولہ

دریں اثنا لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے تولہ مولہ گاندربل میں ماتا کھیر بھوانی مندر میں یاتری بھون کا افتتاح کیا۔اس موقعے پر انہوں نے کہا کہ یاتری بھون کے مکمل ہونے سے کھیر بھوانی آنے والے یاتریوں کو رہائش اور قیام و طعام کی بہتر سہولیات دستیاب ہوں گی ۔اس پروجیکٹ کو 3کروڑ 85لاکھ روپے کی لاگت سے مکمل کیا گیا ہے اور اس میں لگ بھگ 9سو شردھالووں کے رہنے کی گنجائش ہے ۔

سنہا افتتاح

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے گاندربل میں ڈسٹرکٹ  ایمر جنسی آپریشنز سینٹر اور شری امر ناتھ جی یاتر اکنٹرول روم کابھی افتتاح کیا۔لیفٹنٹ گورنر نے اس موقعے پر کہا کہ ان سہولیات سے آنے والی شری امر ناتھ جی یاترا کیلئے بلا خلل سہولیات کی دستیابی اور شردھالووں کیلئے بہتر خدمات یقینی بن جائے گی ۔

فیسٹول

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے کہا ہے کہ جموں کشمیر ایک زندہ و جاوید قرطاس ہے جس پر صدیوں سے فہم و دانش ، اختراع ، فنکاری اور دستکاری نقش کی گئی ہے ۔

سرینگر میں ایک ہفتے تک جاری رہنے والے رنگِ کشمیر نامی ثقافتی فسٹیول سے خطاب کرتے ہوئے منوج سنہا نے کہا کہ کسی ملک کی مضبوطی اس کی دولت اور طاقت میں نہیں بلکہ اس کے جذبے ، روایات کی گہرائی اور اس کے ثقافت کی فعالیت میں مضمر ہوتی ہے ۔

اس موقعہ پر وادی سے تعلق رکھنے والے معروف فلم ساز مشتاق علی احمد خان کو ایوارڈ سے نوازا گیا ۔ آکاشوانی نیوز کے ساتھ بات کرتے ہوئے انہوں نے اپنے تاثرات کا یوں اظہا رکیا ۔

دن

آج ماحولیات کو تحفظ دینے سے متعلق عالمی دن ہے ۔ آج کے دن حیاتیاتی تنوع کو تقویت بخشنے نیز آلودگی کو کم کرنے کیلئے درکار لازمی اقدامات کو اجا گر کیاجاتا ہے ۔

اس بارے میں اسلامک یونیورسٹی آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی اونتی پورہ کے وائس چانسلر پروفیسر شکیل احمد رومشو نے آکاشوانی نیوز سرینگر کو بتایا۔

**--Prof. Shakeel--**

**عمر ماحول**

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے سماج کے ہر ایک طبقے پر زور دیا ہے کہ وہ جموں کشمیر میں ماحولیاتی نظام کو تقویت بخشنے نیز یہاں کے سبزے اور حیاتیاتی تنوع کو آنے والی نسلوں کیلئے محفوظ رکھنے میں اپنا کلیدی رول ادا کریں ۔

ماحولیات کے عالمی دن کے موقعے پر اپنے پیغام میں وزیر اعلیٰ نے کہا کہ حکومت دیر پا ترقی کے اہداف کی حصولیابی کے ساتھ ساتھ ماحولیاتی توازن کو بر قرار رکھنے کی وعدہ بند ہے ۔وزیر اعلیٰ نے آج جموںو کشمیر ہاوس نئی دلی میں ایک پودا لگایا۔

**جاوید ماحول**

زراعت کے وزیر جاوید احمد ڈار نے بھی ماحولیات کے دن کے تعلق سے اپنے پیغام میں کسانوں ، نوجوانوں ، تعلیمی اداروں اور سول سوسائٹی تنظیموں پر زور دیا ہے کہ وہ ماحولیات کو تحفظ دینے اور بہتر مستقبل کو یقینی بنانے کیلئے متحد ہو کر کام کریں ۔ انہوں نے کہا کہ جنگلات کو فروغ دینے کے ساتھ ساتھ یہاں کے آبی ذخائر کو تحفظ دینے کی اشد ضرورت ہے ۔

**DGP**

آج کے دن کی مناسبت سے جموںو کشمیر پولیس کے اہتمام سے یوٹی کے سبھی اضلاع میں تقریبات اور شجر کا ری پروگرام منعقد ہوئے۔

ڈائریکٹر جنرل پولیس نلین پربھات نے ڈسڑکٹ پولیس لائنز سرینگر میں شجر کا ری مہم کی قیادت کی۔

**ست شرما ماحولیات**

ماحولیات کے عالمی دن کے موقعے پر بی جے پی جمونوکشمیر کے صدر ست شرما اور جنرل سیکریٹری آر گنائزیشن اشوک کول کے علاوہ پارٹی کے کئی دیگر لیڈروں نے جمو ں میں پارٹی کے اہتمام سے منعقدہ شجر کا ری مہم میں حصہ لیا۔

کھٹانہ

پارٹی کے سینئر لیڈر اور راجیہ سبھا ممبر انجینئر غلام علی کھٹانہ نے گورنمنٹ ڈگری کالج بونیار بارہمولہ میں شجر کا ری مہم میں حصہ لیا۔

سوز

ماحولیات کے عالمی دن کے موقعے پر ایک سینئر سیاستدان اور سابق مرکزی وزیر سیف الدین سوز نے کہا ہے کہ جمونو کشمیر لوگوں کو قدرتی وسائل کے تحفظ میں سنجیدگی کا اظہار کرنا چاہئے۔ انہوننے دریائے جہلم کی شانِ رفتہ بحال کرنے کی ضرورت پر زور دیا ہے۔

NIFT

بڈگام میں ماحولیات NIFT سینٹرل سریکلچر ریسرچ اینڈٹریننگ انسٹی چیوٹ پانپور کی طرف سے میٹ2026کا انعقاد کیا گیا ۔ اس موقعے پر وہاں  Soil Scientists کے عالمی دن کے مناسبت سے شجر کاری مہم بھی شروع کی گئی۔

اس موقعے پر ڈائریکٹر سریکلچر کشمیر اعجاز احمد بٹ کے علاوہ کئی دیگر اہم شخصیات بھی موجود تھیں ۔ بعد میں میڈیا نمائندوں کے ساتھ بات کرتے ہوئے انہوننے کہا ۔

عمر بنگلورو

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے آج بنگلورو میں ایک تقریب کے حاشیے پر کرناٹک کے وزیر اعلیٰ شیوا کمار کے ساتھ ملاقات کی اور انہیں کرناٹک کا وزیرا علیٰ بننے پر مبارکباد دی ہے -DK

بریک

یہ خبریں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔

پربھی سماعت کر سکتے ہیں۔ DTH اور AIR خبرینآپ آکاشوانی کی موبائیل اپلیکشن نیوز آن

جتیندر سنگھ

سائنس و ٹیکنالوجی کے مرکزی وزیر ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے آج جموں میں قائم کئے گئے محکمہ

---

موسمیات کے علاقائی مرکز کا افتتاح کیا۔ انہوننے کہا کہ اس سہولت سے جمونو کشمیر، لداخ ۂ اور ہماچل پردیش میں لوگوں تک موسم سے متعلق بر وقت جانکاری پہنچانے میں مدد ملے گی۔

میڈیا سے بات کر تے ہوئے وزیر موصوف نے کہا۔

---Jatinder Singh---

سکینہ ایتو

وزیر صحت سکینہ ایتو نے کہا ہے کہ سرکار جمونو کشمیر کے غیر معروف سیاحتی مقامات کو سیاحت کے نقشے پر لانے کےلئے ٹھوس اقدامات کر رہی ہے۔

کولگام میں ضلع افسران کی ایک میٹنگ کے دوران انہوننے کہا کہ ضلعے کے پانچن پتری علاقے میں سیاحت کے بنیادی ڈھانچے کو فروغ دیا جائے گا۔ انہوننے ضلع انتظامیہ اور محکمہ

---

ۂ سیاحت کے افسران کو اس بارے میں ضروری کارروائی شروع کرنے کی ہدایت دی۔

چیف سیکریٹری

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے زرعی سیکٹر کو ترقی کی نئی منازل سے ہمکنار کرانے کےلئے کسانوں کے حق میں زرعی قرضہ سکیموں کی موثر عمل آوری پر زور دیا ہے۔وہ آج سرینگر میں ایک میٹنگ کے دوران ان سکیموں کی پیش رفت کا جائزہ لے رہے تھے۔

اٹل ڈلو نے زرعی قرضوں کی فراہمی کے تعلق سے مقرر کئے گئے اہداف کو حاصل کرنے کی افسران کو ہدایت دی۔

زُبیر سلیم

موسم میں تبدیلی اور گرمی کی شدت میں اضافے کے ساتھ ساتھ لوگوں خصوصاً بزرگ افراد کو جسم میں پانی اور نمکیات کی کمی محسوس ہو تی ہے۔

اس سلسلے میں بزرگوں کےلئے احتیاطی تدابیر کے بارے میں بزرگ افراد کے طبی مسائل کے ماہر// ڈاکٹر زُبیر سلیم نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے کہا۔

**--Dr. Zubair Saleem--**

**محبوبہ مفتی**

پی ڈی پی صدر اور سابق وزیر اعلیٰ محبوبہ مفتی نے کہا ہے کہ ایمز اونتی پورہ میں طبی شعبے کا ایک معیاری مرکز بننے کی وسیع گنجائش موجود ہے۔

ایمز کے دورے کے دوران انہوننے کہا کہ اس ادارے کی شکل میں پی ڈی پی کے بانی اور جمونو کشمیر کے سابق وزیر اعلیٰ مرحوم مفتی محمد سعید کا خواب شرمندہ تعبیر ہو رہا ہے۔

میڈیا نمائندوں کے ساتھ بات کر تے ہوئے انہوننے صحت کے مرکزی وزیر جے پی نڈّا سے اس ادارے کی تعمیر جلد از جلد مکمل کرانے کی اپیل کی ۔

**------Mehbooba------**

**BJP**

بی جے پی جموں وکشمیر کے میڈیا انچارج ڈاکٹر پردیپ مہوترا نے عمر عبداللہ کی سر براہی والی سرکار پرتعمیر و ترقی کے لحاظ سے جموں صوبے کو نظر انداز کرنے کا الزام لگایا ہے ۔

پارٹی کے ترجمان بلبیر رام رتن نے احمد آباد نے اپنی نوعیت کے پہلے ورلڈ سپورٹس چمپئن شپ کا افتتاح کرنے کےلئے وزیر اعظم کی تعریف کی ہے-Yogasana

**شاہین**

جنتا دل یونائٹیڈ جمونو کشمیر کے صدر جی ایم شاہین نے نیشنل کانفرنس پر الزام عائد کیا ہے کہ اس پارٹی کی سرکار جمونوکشمیر میں بے روزگاری پر قابو پانے میں ناکام ہو گئی ہے۔
انہوننے وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ ہدف تنقید بناتے ہوئے کہا ہے کہ جمونو کشمیر کے نوجوان اس تعلق سے مایوسی کا شکار ہیں۔

**فاروق عبداللہ**

نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے حضرت خواجہ حبیب اللہ نوشہری ؒ کے عرس کے موقعے پر لوگوں کو مبارکباد دی ہے۔

انہوں نے حضرت میاں نظام الدین لاروی ؒ کے سالانہ عرس کے موقعے پر عقیدت مندوں کی سہولت کےلئے معقول انتظامات کرنے کی انتظامیہ سے تاکید کی ہے۔

حکیم یاسین

کے چیرمین حکیم محمد یا سین نے انتظامیہ سے اپیل کی ہے کہ محرم الحرام کی آمد کے PDF پیش نظر مناسب انتظامات کئے جانے چاہئے۔ انہوننے شیعہ آبادی والے علاقوں میں عزاداروں کو تمام سہولیات دستیاب رکھنے کی بھی صوبائی انتظامیہ سے اپیل کی ہے۔

لداخBRO

کا Vijayak ڈائریکٹر جنرل باڈر روڈس لداخ لیفٹنٹ جنرل ہرپال سنگھ نے آج کرگل میں پروجیکٹ کی طرف سے در دست لئے گئے کلیدی نوعیت کے پروجیکٹوں کی پیشرفت کا BRO دورہ کرکے جائزہ لیا۔

بھارت احتجاج

بھارت نے پاکستان کی جانب سے پاکستانی مقبوضہ گلگت بلتستان میں وہاں کی نام نہاد اسمبلی میں عام چناؤ کرانے کے اعلان پر سخت احتجاج کیا ہے۔

پاکستان میں وہاں7جون کو الیکشن کرانے کا اعلان کیا ہے۔

یوا بھارت

امور نوجوان اور کھیل کو د کی مرکزی وزارت کے اہتمام سے ”میرا یوا بھارت“ کے تحت کل یعنی6جون کو نئی دلی کے تھیاگ راج اسٹیڈیم میں ”یوتھ فار وِکست بھارت۔ مائی بھارت یوتھ کنونشن“ کا انعقاد ہو رہا ہے۔

اس کنونشن میں ملک کے مختلف خطوں سے تعلق رکھنے والے 6ہزار سے زائد نوجوان شرکت کریں گے۔ کنونشن میں امور نوجوان کے مرکزی وزیر ڈاکٹر منسکھ منڈاویہ اور دیگر کئی شخصیات کی شرکت بھی متوقع ہے۔

قدرتی گیس

پیٹرولیم اور قدرتی گیس کے وزیر ہر دیپ سنگھ پوری نے کہا ہے کہ انڈومان جزیرے کے مشرقی ساحل سے15کلو میٹر دور شری وجیا پورم میں قدرتی گیس دریافت ہوئی ہے۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزیر نے کہا کہ اس دریافت سے انڈومان کے سمندری علاقے کی وسیع توانائی کی گنجائش کی عکاسی ہو تی ہے۔ انہوننے کہا کہ مذکورہ گیس کا تجزیہ کیا جا رہا ہے۔

موسم

محکمہ موسمیات کے مطابق جموں کشمیر میں اگلے 24گھنٹوں کے دوران اکثر مقامات پرہلکی سے درمیانہ درجے کی بارش ہونے کا امکان ہے ۔

سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت27 اعشاریہ1ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت14اعشاریہ5ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 37 اعشاریہ2ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 21 اعشاریہ2 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح5بجکر 19 منٹ اور

غروب آفتاب شام7 بجکر40منٹ پر ہو گا۔

اس کے ساتھ ہی خبر نامہ ختم ہوا۔

اگلا خبر نامہ کل صبح 7.45 منٹ پر کشمیری میں نشر ہو گا ۔

خدا حافظ۔